© rasailojaraid.com



الحق میں اس ذیل تحت آتا ہے۔

ڈاکٹر عبدالرشید صاحب نے فریقین کی آرار کا لحاظ کرتے ہوئے مضمون مرتب کیا پھر اس جواب اور جواب الجواب کا سلسلہ چل پڑا۔ اس بارہ میں فیصلا اپنے معزز قارئین کی صوابدید پر چھوڑتے ہیں۔ تاہم اس قسم کے مقالات و مضامین سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں۔ (حافظ محمد ابراہیم فانی)

★ **حیات صوفیہ** | تلخیص نفحات الانس۔ تالیف۔ مولانا عبدالرحمن جامی قدس اللہ سرہٗ۔ تلخیص و ترجمہ محمد ادریس انصاری۔ اس کتاب میں چار صد ستر اکابر اولیاء و صوفیہ کرام کی تعلیمات و حکایات، کرامات و نیز علم سلوک و تصوف کے مسائل پر تفصیل سے بحث کی گئی ہے۔ توحید کی حقیقت۔ رسالت کی انوکھی تشریح۔ ایمان کی حقیقت کے سمندر کو کوزے میں بند کر دیا گیا ہے۔

اعلیٰ کاغذ۔ عمدہ طباعت۔ صفحات ۴۰۰۔ قیمت ۵۵ روپے۔ ادارہ تبلیغ الاسلام صادق آباد ضلع رحیم یار خاں

★ **اورنگ زیب عالمگیرؒ کے مدفن میں ایک علمی ادارہ** | آں جناب کی توجہ مدرسہ عربیہ کاشف العلوم (شہر اورنگ آباد) کی طرف مبذول کرانی مقصود ہے۔ جو شاہان مغلیہ کی آبرو اورنگ زیب عالمگیرؒ ایسے مومن و عادل فرماں روا کی تعمیر کردہ جامع مسجد (جو اپنی وسعت و عظمت اور نورانیت و روحانیت میں شاہ دلی کی شاہجہانی جامع مسجد اور بھوپال کی تاج المساجد سے کم نہیں) کے اطراف کے حجروں میں واقع ہے اور دارالعلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ کے تابع اور تعلیم و تربیت میں اسی کے نقش قدم پر گامزن ہے اور عالم اسلام کے عظیم داعی و سپاہی اور مفکر مولانا سید ابوالحسن علی ندوی کی زیر سرپرستی گذشتہ ۲۵ سالوں سے دین و ملت کی خدمت میں مصروف ہے۔

یہ ادارہ اورنگ آباد ایسے مرکزی شہر میں (جو اورنگ زیب کی توجہات کا مرکز اور ان کی آخری آرام گاہ کا علاقہ ہے) واقع ہونے، طلبہ کی کثرت، تعلیم و تربیت کی انفرادیت، قلب و نظر کی وسعت۔ دینی و عصری علوم کا سنگم۔ اساتذہ کی جانفشانی۔ علاقہ کے غیور مسلمانوں کی قربانی، مولانا سید ابوالحسن علی ندوی کی توجہات اور اپنی گوناگوں خصوصیات کی وجہ سے جنوبی ہند کی عظیم مرکزی درس گاہ بن گیا ہے۔ اور اس علاقہ کے دوسرے مدارس و مکاتب، تعلیمی و فکری اداروں اور دینی سرگرمیوں کی قیادت و راہنمائی کی خدمت بھی پوری لیاقت اور استحقاق کے ساتھ انجام دے رہا ہے۔

طلبہ کی فکری و علمی اور صالح و باشعور تربیت کے سلسلہ میں عالم عربی اور عالم اسلامی کے اہم اسلام پسند اخبارات و رسائل کو منگوانے کی ایک کوشش عرصہ سے جاری ہے خدائے پاک کی توفیق اور خاصان خدا کی توجہات اور دعاؤں کی برکت سے یہ کوشش توقع سے زیادہ کامیاب ثابت ہوئی۔

(مولانا ریاض الدین فاروقی ندوی۔ کاشف العلوم اورنگ آباد مہاراشٹر انڈیا)



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com